**بائیوٹاک™** خربوز اور تربوز کی کوالٹی کو بہتر کرتا ہے۔

**بائیوٹاک™** میں ڈالے گئے امائینو ایسڈز پودوں میں بیماریوں کے خلاف دفاعی نظام میں اضافہ کرتے ہیں۔




### سفارشات برائے استعمال

| فصل | مقدار فی ایکڑ | وقت اور طریقہ استعمال |
| --- | --- | --- |
| خربوز یا تربوز | 200 گرام کا ایک پیکٹ 100 لٹر پانی میں | پودے اگنے کے 15 دن بعد پہلا سپرے، نئے شگوفے پھوٹتے وقت دوسرا سپرے، پھل بنتے وقت تیسرا سپرے، پودے کو پتے اور تنے سمیت سپرے کریں۔ شدید بیماری کی صورت میں ہفتے کے وقفے سے 3 مرتبہ سپرے دہرائیں۔ |

### بیج کی زہر پاشی:

خربوزے کو بیماریوں سے بچانے کیلئے بیج کی زہر پاشی ضروری ہے۔ **گلِمر™** بیج کی زہر پاشی کیلئے ایک بہترین دوا ہے۔

## بیماریوں کا حملہ اور ان کا انسداد:

**-1 روئیں دار پھپھوندی: (Downy Mildew)** بارش کے بعد یا ہوا میں زیادہ نمی کی وجہ سے یہ بیماری خربوزے پر حملہ آور ہوتی ہے۔ بارش کے پانی اور ہوا سے یہ بیماری ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتی ہے۔ روئیں دار پھپھوندی کی علامات پتے کے نچلے حصے پر جو کہ زیادہ واضح نہیں ہوتی ہیں چونکہ اس کی علامات زیادہ واضح نہیں ہوتی اس لیے بارش کے موسم میں یا ہوا میں زیادہ نمی ہونے کی صورت میں پھپھوندکش دوا کا اسپرے کر دینا چاہیئے۔






روئیں دار پھپھوندی سے متاثرہ پودے

### نوائس™ 32.5 فیصد ایس سی

- **نوائس** دو طاقتور اور جدید زہروں کا مرکب۔
- **نوائس** پودوں میں مکمل سرائیت پذیر ہونے کی صلاحیت۔
- **نوائس** تیز، مکمل اور دیرپا حفاظت۔
- **نوائس** حفاظتی، معالجاتی اور بیماریوں کے خاتمے کی بہترین صلاحیت۔
- **نوائس** روئیں اور پھپھوندی کے ساتھ انتھراکنوز اور سفوفی پھپھوندی کیلئے بھی کارگر۔

### سفارشات برائے استعمال

| مسئلہ | حل | دوا کی مقدار | وقت استعمال |
| --- | --- | --- | --- |
| روئیں دار، سفوفی پھپھوندی | نوائس | 250 ملی لیٹر فی 100 لیٹر پانی میں | ہوا میں زیادہ نمی یا بیماری کی علامات نظر آتے ہی اسپرے کریں۔ |

**-2 سفوفی پھپھوندی: (Powdery Mildew)**

اس بیماری کا حملہ گرم اور خشک موسم میں ہوتا ہے۔ اس بیماری کے پھیلاؤ کیلئے 25-35 سنٹی گریڈ درجہ حرارت اور ہوا میں نمی کی مقدار 50 فیصد سازگار حالات پیدا کرتی ہے۔ حملہ کی صورت میں سفید رنگ کا سفوف پتوں اور شاخوں پر نظر آتا ہے یہ بیماری ہوا اور تیلہ کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتی ہے۔

## سفوفی پھپھوندی کا انسداد:






سفوفی پھپھوندی سے متاثرہ پودے

### نوائس الٹرا™ 40 فیصد ایس سی

- **نوائس الٹرا** شدید موسمی حالات میں کارگر۔
- **نوائس الٹرا** فصل پر خوشگوار اور صحت مند اثرات
- **نوائس الٹرا** پودے میں سرائیت پذیر ہونے کی وجہ سے مکمل اور دیرپا تحفظ
- **نوائس الٹرا** حفاظتی اور معالجاتی جیسی بہترین صلاحیت

### سفارشات برائے استعمال

| مسئلہ | حل | دوا کی مقدار | وقت استعمال |
| --- | --- | --- | --- |
| سفوفی پھپھوندی | نوائس الٹرا | 250 ملی لیٹر فی 100 لیٹر پانی میں | بیماری کے موزوں موسم میں یا علامات نظر آنے پر |

### جڑ اور تنے کا گلاؤ (Damping Off):

یہ بیماری زیادہ درجہ حرات اور نمی کی وجہ سے تیزی سے پھیلتی ہے۔ چھوٹے پودوں پر حملہ کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں۔ فصل کو پانی لگانے پر یہ بیماری آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتی ہے۔



جڑ اور تنے کے گلاؤ سے متاثرہ پودے

## مندرجہ ذیل ادویات خربوزے کو روئیں دار پھپھوند سے تحفظ دیتی ہیں۔




### بونٹ™ 72 فیصد ڈبلیو پی

- **بونٹ** دو طاقتور پھپھوندکش ادویات پر مشتمل ایک بہترین پھپھوندکش۔
- **بونٹ** پھپھوند کے نظام تنفس اور پروٹین بنانے کے عمل میں رکاوٹ ڈال کر بیماری پھیلانے والے سپورز کا مکمل خاتمہ کرتا ہے۔
- **بونٹ** حفاظتی اور معالجاتی استعمال
- **بونٹ** پتوں، شاخوں اور جڑوں کے ذریعے جذب ہونے کی صلاحیت۔

### سفارشات برائے استعمال

| مسئلہ | حل | دوا کی مقدار | وقت استعمال |
| --- | --- | --- | --- |
| روئیں دار پھپھوندی | بونٹ | 250-300 گرام فی ایکڑ | ہوا میں زیادہ نمی یا بارش کے بعد |

### ویلڈن™ / گلِمر™

50 فیصد ڈبلیو پی / 70 فیصد ڈبلیو پی




- پودوں میں مکمل سرائیت پذیر ہونے کی صلاحیت
- فصل کیلئے بالکل محفوظ
- حفاظتی اور معالجاتی جیسی بہترین صلاحیت

### سفارشات برائے استعمال

| مسئلہ | حل | دوا کی مقدار | وقت استعمال |
| --- | --- | --- | --- |
| جڑ اور تنے کا گلاؤ | ویلڈن یا گلِمر | 400 گرام فی 100 لیٹر پانی میں<br>400-600 گرام فی 100 لیٹر پانی میں | بیماری کی علامات نظر آنے پر |

**نوٹ:** بیماریوں کی بہترین تحفظ کیلئے اسپرے ایک ہفتے کے وقفے سے دوہرائیں۔

## کیڑوں سے انسداد:

| مسئلہ | حل | دوا کی مقدار | وقت استعمال |
| --- | --- | --- | --- |
| چور کیڑا (Cut Warm) | چیزل یا ناکر | 1000 ملی لیٹر فی ایکڑ<br>800 ملی لیٹر فی ایکڑ | آب پاشی کے دوران پانی کے ساتھ ملا کر استعمال کریں |
| لال بھونڈی | سارجنٹ یا لانسر سُپر | 125 ملی لیٹر فی ایکڑ<br>80 ملی لیٹر فی ایکڑ | اسپرے کریں۔ |
| لیف مائنر | سارجنٹ | 125 ملی لیٹر فی ایکڑ | اسپرے کریں۔ |
| تھرپس اور جوئیں | جولٹ | 100 ملی لیٹر فی ایکڑ | اسپرے کریں۔ |
| پھل کی مکھی | فروٹیکس | 250 گرام فی 100 لیٹر پانی میں | اسپرے کریں۔ |

مزید معلومات اور راہنمائی کیلئے اپنے قریبی سائبان زرعی مرکز سے رابطہ کریں۔


**برائے رابطہ:**

| | | | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| حیدرآباد | 0300-8374899 | رحیم یارخان | 0301-8488647 | ملتان | 0301-8488142 |
| ساہیوال | 0301-8488643 | لاہور | 0300-0402673 | وہاڑی | 0302-8476389 |
| کوئٹہ | 0307-4443260 | سکھر | 0301-3568369 | مردان | 0307-4443522 |

سائبان انٹرنیشنل 62 کلومیٹر ملتان روڈ، روہی نالہ، پھول نگر، لاہور۔

saybangroup Web: https://www.saybangroup.com Ph: 049-4388444-6







MELON & WATER MELON

# خربوز اور تربوز

## پیداواری پروگرام





سائبان زرعی مراکز پر دستیاب

# خربوزاور تربوز کی کاشت

**خربوزاور تربوز کے اعلیٰ معیاراور زیادہ پیداوار کیلئے سائبان انٹرنیشنل کی پیداواری ٹیکنالوجی۔**

## خربوزاور تربوز کی منافع بخش کاشت:

خربوزاور تربوزگرمیوں کی اہم لذیزاورمنافع بخش فصلیں ہیں۔غذائیت کے اعتبار سے دونوں میں وٹامن C,B,A اور منرلزوافرمقدار میں پائے جاتے ہیں۔اس کے علاوہ ان کے بیج بھی مختلف بیماریوں کے خلاف طبی تاثیر رکھتے ہیں۔

## خربوزاور تربوز کیلئے بہترین آب وہوا:

خربوزاور تربوز کی کاشت میدانی علاقوں میں کی جاتی ہے۔یہ 21 سے 38 سنٹی گریڈ درجہ حرارت تک کاشت کئے جاتے ہیں۔ان کی مٹھاس میں گرم اورخشک موسم ایک اہم کردارادا کرتا ہے۔اگر کاشت کے بعد بارشیں ہوجائیں اور ہوامیں نمی کی مقدار بڑھ جائے تو پودوں اور پھل پر بیماریوں کے امکانات بڑھ جاتے ہیں جو کہ نہ صرف پھل کی کوالٹی پراثرانداز ہوتی ہیں بلکہ اس کی مٹھاس کو بھی کم کرتی ہیں۔خربوزاور تربوز کوئی علاقوں میں کم اونچی ٹنلز میں بہت زیادہ کاشت کیا جاتا ہے جوموسمی فصل سے پہلے تیار ہوجاتے ہیں اور کسان کوزیادہ اچھا ریٹ مل جاتا ہے۔

## زمین کی زرخیزی:

خربوزاور تربوز کوزرخیز زمین کی ضرورت ہوتی ہے جس میں کسی قسم کا کلروغیرہ نہ ہو۔اور نہ ہی اس زمین میں پانی کھڑا ہوتا ہے۔میرا اور میرا چکنی زمین ان کے لئے موزوں ہے جسکا تعامل 7.5 سے کم ہو۔ہماری زمینوں میں نامیاتی مادہ کی بہت کمی ہے لہٰذہ ضروری ہے کہ کم ازکم 2 ٹرالی گلی سڑی گوبر کی کھاد فی ایکڑ کے حساب سے ڈالی جائے۔اگر وقت ہوتو بجائی کے دوماہ پہلے گوبر کی کھاد ڈال کر پانی لگادیا جائے تاکہ یہ بہتر گل جائے۔

## خربوزاور تربوز کے لئے غذائی ضروریات:

خربوزاور تربوز ایسی فصلیں ہیں جنہوں نے تھوڑے عرصے میں ایسے پھل پیدا کرنے ہوتے ہیں جس میں بہت زیادہ شوگرز (کاربوہائیڈریٹس) ہوتے ہیں لہذا پودے کوزیادہ توانائی چاہیے ہوتی ہے جس کے لئے پودے کوزیادہ غذائی عناصر کی ضرورت ہوتی ہے۔ان کی بجائی اب ٹنلز میں بھی عام ہورہی ہے جس سے کاشت کے اخراجات بڑھ جاتے ہیں لہذا زیادہ پیداوار ہی ان اخراجات کو پورا کر کے اچھا منافع دے سکتی ہے جو صرف پودے کو بہتر اور متوازن غذائی عناصر کی صورت میں ہی ممکن ہوسکتا ہے۔

**سائبان** انٹرنیشنل نے موسمی اور غیرموسمی خربوز اور تربوز کی کاشت اور ان کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مندرجہ ذیل پروگرام دیا ہے۔جس سے بہت اچھی فی ایکڑ پیداوار حاصل ہوگی۔ان غذائی عناصر میں اجزائے کبیرہ (میکرونیوٹرینٹس)، اجزائے صغیرہ (مائیکرونیوٹرینٹس)، گروتھ ہارمونز، امائنوایسڈز وغیرہ شامل ہیں۔

## وقت کاشت:




**اگیتی کاشت:** اگیتی فصل لینے کیلئے کاشت وسط اکتوبر سے نومبر تک مکمل کر لینی چاہیے۔

**موسمی کاشت:** خربوزاور تربوز کی عام فصل کی کاشت کیلئے فروری اور مارچ موزوں موسم ہیں۔

**بیج کا انتخاب:** اچھی پیداوار کیلئے بیماریوں سے پاک، صحت منداوراعلیٰ اقسام کے بیج منتخب کریں۔

## فصل کی غذائی ضروریات کیلئے کھادوں کا مناسب اور متوازن استعمال:

### چارجر™ فاسفورس+نامیاتی مادہ+گروتھ ریگولیٹرز+فائدہ مند جرثومے

پاکستان کی زیادہ تر زمینوں کا تعامل 7.5 سے زیادہ ہونے کی وجہ سے پودوں کومصنوعی کھادوں سے فاسفورس کی فراہمی لگاتار نہیں ہوتی کیونکہ کھاد ڈالنے کے کچھ ہی دنوں بعد فاسفورس زمین میں منجمد (Fix) ہوجاتی ہے جو پودے حاصل نہیں کر سکتے۔ **چارجر** ایک ایسی فاسفورسی کھاد ہے جس میں فاسفورس کونامیاتی عناصر کے ساتھ لاکھوں خاص قسم کے جرثوموں کی موجودگی میں تیار کیا گیا ہے۔ یہ جرثومے چارجر کی فاسفورس کو پودوں کے لئے لگاتار فراہم کرنے کا باعث بنتے ہیں اور ایسے ہارمونز خارج کرتے ہیں جو پودوں کی صحت کو برقراررکھتے اور بڑھوتری تیز کرتے ہیں۔ **چارجر** میں موجود خاص قسم کے نامیاتی عناصرزمین میں نمی برقرار رکھتے ہیں اور زمین میں موجود دوسرے اجزائے صغیرہ مثلاً زنک، آئرن، میگنیز، کاپر اور بوران کی فراہمی بہتر کرتے ہیں۔



**فوائد:**
- **چارجر** میں موجود فاسفورس فصل اُگنے سے لے کر پکنے تک ہر مرحلے پر دستیاب۔
- اساسی زمینوں میں بھی فاسفوری انجماد (P-Fixation) سے محفوظ۔
- حیاتیاتی اور نامیاتی خصوصیات کی وجہ سے زیادہ مئوثر۔
- فاسفورس کی لگاتار فراہمی کے باعث تربوزاور خربوز بڑے اور پیداوار زیادہ۔

**سفارشات برائے استعمال**

موسمی کاشت

| چارجر™ | یوریا | ڈی اے پی | وقت اور طریقہ استعمال |
|---|---|---|---|
| 2 بیگ | 1 بیگ | 1 بیگ | بجائی کے وقت |
| 1 بیگ | 1 بیگ | — | پہلے پانی کے ساتھ |

ٹنلز میں کاشت

| چارجر™ | یوریا | ڈی اے پی | وقت اور طریقہ استعمال |
|---|---|---|---|
| 1 بیگ | 1 بیگ | 1 بیگ | بجائی کے وقت |
| 2 بیگ | 1 بیگ | — | شاپر اتارنے کے بعد |

**چارجر™** کو ڈرم میں حل کر کے پانی کے ساتھ فلڈ کر سکتے ہیں۔

## لاجواب™




**لاجواب** اجزائے صغیرہ زنک، آئرن، میگنیز، بوران اور ایک خاص مرکب پر مشتمل پراڈکٹ ہے۔جب پودوں میں پھول لگ رہے ہوتے ہیں اس وقت اجزائے صغیرہ کی اہمیت بہت زیادہ ہوجاتی ہے۔کیونکہ کسی ایک کی بھی کمی ہونے کی صورت میں پھولوں کی تعداد میں کمی ہوجاتی ہے یا پھول گرنا شروع ہوجاتے ہیں۔ **لاجواب** کا سپرے اجزائے صغیرہ کی دستیابی برقرار رکھتا ہے۔

**فوائد:**
- خوراک سازی کا عمل تیز کرتا ہے۔
- ایک خاص مرکب کی موجودگی میں پودے موسمی شدت کو برداشت کرتے ہیں۔
- وائرس پھپھوندی اور کیڑے مکوڑوں کا حملہ کم ہوتا ہے۔
- پھولوں سے پھل سازی کا عمل زیادہ ہوتا ہے۔
- پیداوار میں خاطرخواہ اضافہ ہوتا ہے۔

**سفارشات برائے استعمال**

| فصل | مقدار فی ایکڑ | وقت اور طریقہ استعمال |
|---|---|---|
| خربوز یا تربوز | 1 کلوگرام فی 100 لٹر پانی | پودوں میں جب پھول آنے شروع ہوجائیں۔ |

## سائبان پوش™ پوٹاش+نائٹروجن+فاسفورس+زمینی اصلاح کار

پودوں کو بہتر نشوونما کے لئے نائٹروجن اور فاسفورس کے بعد پوٹاش کی بہت ضرورت ہوتی ہے خصوصی طور پر خربوزاور تربوز جیسی فصلیں جنہوں نے مٹھاس زیادہ پیدا کرنی ہوتی ہے۔پوٹاش کا استعمال بہت اہم ہوتا ہے۔

**سائبان پوش™** 30 فیصد سے زیادہ پوٹاش کے ساتھ اضافی نائٹروجن، فاسفورس اور اصلاح کار کی وجہ سے خوراکی اجزاء کی اثرپذیری میں اضافہ۔

**سائبان پوش™** کی تمام پوٹاش بہترین حالت میں دستیاب۔




**فوائد:-**
- پھول صحت منداور تولیدی عمل زیادہ۔
- خربوزاور تربوز چمکداراورصحت مند۔
- خربوزاور تربوز میں مٹھاس زیادہ۔
- خربوزاور تربوز بڑے اور پیداوار زیادہ۔

**سفارشات برائے استعمال**

| فصل | مقدار فی ایکڑ | وقت اور طریقہ استعمال |
|---|---|---|
| خربوز یا تربوز | 4 لٹر | پھول شروع ہونے پر نکے پر پانی کے ساتھ ملا کر قطرہ قطرہ استعمال کریں |

## زینیکا / زینیکا ایکسٹرا™ (چیلیٹڈ)

10 فیصد زنک ـ دانے دار







ہماری زمینوں میں اجزائے کبیرہ نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاش کے ساتھ ساتھ اجزائے صغیرہ زنک، آئرن، میگنیز، کاپر اور بوران کی بھی کمی واقع ہوگئی ہے۔ زمین کے زیادہ تعامل نے اس کمی کی شدت میں اضافہ کردیا ہے۔ تمام اجزائے صغیرہ کا پودوں کی بڑھوتری اور خوراک سازی میں بہت اہم کردار ہے۔ **سائبان** انٹرنیشنل نے **زینیکا / زینیکا ایکسٹرا** کے ایک خاص حصے کو چیلیٹیڈ (Chelated) کیا ہے جس کی وجہ سے زنک، آئرن، میگنیز، بوران زمین میں ڈالنے کے بعد متوازن حالت میں پودوں کو لگاتار فراہم رہتے ہیں۔

**فوائد:**
- پودوں کا زیادہ عرصہ تک سرسبز وشاداب رہنا۔
- نئی پھوٹ کا زیادہ تیزی سے آنا۔
- خوراک سازی کا عمل تیز۔
- جڑوں کی بڑھوتری میں اضافہ۔
- سی شیلڈ ٹیکنالوجی (Chelation) کے باعث متوازن دستیابی۔
- پھولوں اور پھلوں کی تعداد میں اضافہ اور زیادہ پیداوار۔

**سفارشات برائے استعمال**

| فصل | حل | مقدار فی ایکڑ | وقت اور طریقہ استعمال |
|---|---|---|---|
| خربوز یا تربوز | زینیکا 10 فیصد زنک | 3 لٹر | بجائی کے بعد دوسرے پانی کے ساتھ نکے پر قطرہ قطرہ ملائیں۔ |
| خربوز یا تربوز | زینیکا ایکسٹرا | 4 کلوگرام | بجائی کے بعد پہلے پانی کے ساتھ چھٹہ کریں۔ |

## گرو۔اپ™ نائٹروجن 10 فیصد + فاسفورس 20 فیصد + پوٹاش 20 فیصد + گروتھ ہارمونز

ہماری زمینوں کے کلراٹھے پن اور تعامل زیادہ ہونے کی وجہ سے زمین میں ڈالی گئی کھادیں عدم توازن کا شکار ہوجاتی ہیں اور استعمال کارکردگی کم ہوجاتی ہے۔ **گرو۔اپ** کا سپرے اس کمی کو پورا کر کے پودوں کو سرسبز رکھتا ہے۔




**فوائد:**
- پودے کی جڑوں اور شاخوں کی بڑھوتری۔
- پھول زیادہ اور پھل صحت منداور بڑے۔
- پتے چوڑے اور صحت مند۔
- خربوزاور تربوز کی کوالٹی بہتر اور پیداوار میں اضافہ۔

**سفارشات برائے استعمال**

| فصل | مقدار فی ایکڑ | وقت اور طریقہ استعمال |
|---|---|---|
| خربوز یا تربوز | 500 گرام 100 لٹر پانی میں | پودے اگنے کے 30 دن بعد پہلا سپرے<br>پھول آنے پر دوسرا سپرے |

## بائیوٹاک™ جدید حیاتیاتی طریقہ انسداد (Biological Control) (پھپھوندی کش)

**بائیوٹاک™** ایسا بائیومحرک ہے جو پودوں کو فائدہ پہنچانے والے ایسے عناصر اور جرثوموں پر مشتمل ہے۔جو پودوں کو پھپھوند سے محفوظ رکھتے ہیں۔ یہ پودوں کے خوراکی اجزاء کی کارکردگی بڑھاتا اور پودوں پر منفی ماحولیاتی عوامل کو کم کرتا ہے۔

**بائیوٹاک™** کے فی گرام میں 10 کروڑ سے زیادہ ایسے خوردبینی جاندار (جرثومے) ڈالے گئے ہیں جو بہترین پھپھوند کش اثرات رکھتے ہیں۔پودے کی بڑھوتری کو تیز کرنے والے ہارمونز (PGRs) ڈالے گئے ہیں جو خربوزاور تربوز کی شاخوں اور جڑوں کو بڑھاتے ہیں۔

**بائیوٹاک™** متعدد پھپھوند والی بیماریوں کو کنٹرول کرتا ہے۔

**بائیوٹاک™** پھولوں کی تعداد زیادہ کرتا ہے اور خربوزاور تربوز کا سائز بڑا کرتا ہے۔

